ترجمہ کے نیچے با محاورہ ترجمہ درج کیا ہے۔ غیر عربی داں لوگوں کو سمجھ کر نماز ادا کرنے میں یہ کتاب بہت مدد دے سکتی ہے۔

تحفۂ اسلام | انجمن رفیق الاسلام گوڑگانوہ ایک مدت سے خاموشی کے ساتھ تبلیغ دین کی خدمت انجام دے رہی ہے۔ اس نے اب تک متعدد رسالے مفت شائع کیے ہیں جو سب کے سب عوام کی مذہبی رہنمائی کے لیے مفید ہیں۔ زیر نظر رسالہ اس سلسلہ کا چودہواں رسالہ ہے جس میں اسلام کی تعلیمات کا خلاصہ بہت ہی سلیس پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے۔ اس میں نہ صرف ضروری معلومات درج کی گئی ہیں، بلکہ دماغوں کو اپیل کرنے والے دلائل کے ساتھ اسلام کی ہر ہر تعلیم کو سمجھانے کی بھی کوشش کی گئی ہے۔ یہ رسالہ جیبی تقطیع کے ۴۴ صفحات پر ختم ہوا ہے۔ پانچ پیسے کے ٹکٹ بھیج کر طلب کیا جا سکتا ہے۔

دعائیں | تالیف مولوی ابوالحسن علی صاحب معلم دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ ضخامت ۳۲ صفحات۔ قیمت ۲ر

اس رسالہ میں مؤلف نے قرآن مجید اور احادیث نبوی سے دعائیں جمع کی ہیں اور ہر دعا کے مقابل اس کا ترجمہ دے دیا ہے۔ دعا درحقیقت عبادت کا مغز اور اس کی جان ہے خدا پرستی اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتی ہے کہ بندہ اپنی ہر حاجت میں خدا کی طرف رجوع کرے، اور زندگی کے ہر معاملہ میں اس سے مدد مانگے۔ علاوہ بریں دعا اس نصب العین اور مطمح نظر پر بھی روشنی ڈالتی ہے، جو دعا مانگنے والے کے پیش نظر ہو۔ انسان جس قدر بلند خیال اور پاکیزہ خو ہوگا ویسی ہی بلند اور پاک اس کی حاجتیں بھی ہوں گی، اور انہی حاجتوں کا اظہار وہ اپنی دعاؤں میں کرے گا۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے جو دعائیں ہم کو سکھائی ہیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی کے مختلف احوال میں اٹھتے بیٹھتے اور سوتے جاگتے جو دعائیں اپنے خدا سے مانگی ہیں وہ ایک طرف ہم کو یہ بتاتی ہیں کہ مسلمان کس طرح ہر ہر معاملہ میں خدا کی طرف رجوع کرتا ہے، اور دوسری طرف